


# فروغ رسائی، حقوق، اور مساوات (FARE) گرانٹ

## FARE گرانٹ کیا ہے؟

نیو یارک ریاست شعبہ برائے مزدوری (NYS DOL) کو ملازمت کے حقوق اور فوائد پر توجہ مرکوز کرنے والی خواتین تک رسائی اور پیشکشیں کرنے کے لیے امریکی شعبہ برائے خواتین کے بیورو سے ایک منظوری موصول ہوئی ہے۔ ہمارا مقصد نیو یارک شہر سے باہر، خاص طور پر دیہی علاقوں میں، ذاتی طور پر اور مجازی پیشکشوں اور ایونٹس کے ذریعے پسماندہ اور کم نمائندگی والی خواتین تک پہنچنا ہے۔ ہمارا مقصد پوری ریاست میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے تعلیم اور علم کو پھیلانا ہے، جس کے نتیجے میں خواتین کو ان کی اپنی برادریوں میں حقوق اور فوائد کا مرکز بننے میں مدد کرنا ہے۔

## میں پیشکش کی درخواست کیسے کروں؟

NYSDOL سے **info.nysdol@labor.ny.gov** پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں یا **888-4-NYSDOL (888-469-7365)** پر کال کریں۔

## موضوعات برائے توجہ

### کم از کم اجرت

نیو یارک ریاست (NYS) کے تمام کارکنان کم از کم اجرت کی کم از کم ایک گھنٹہ شرح حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔

| مقام | کم از کم اجرت *2024/1/1 تک* | |
|---|---|---|
| نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی | 16.00 $/گھنٹہ | 18.55 $/گھنٹہ بوم کیئر معاونین |
| نیویارک ریاست کا باقی | 15.00 $/گھنٹہ | 17.55 $/گھنٹہ بوم کیئر معاونین |

### بخشش موصول کرنے والے کارکنان کے لیے کم از کم اجرت

NYS کا قانون زیادہ تر صنعتوں میں آجروں کو اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ وہ آجر کے ذریعہ ادا کی جانے والی اجرت کو ملازمین سے گاہکوں سے ملنے والی بخشش کے ساتھ ملا کر کم از کم اجرت کو پورا کریں۔ صرف مہمان نوازی کی صنعت والے آجروں کو کم از کم اجرت سے بخشش کی کریڈٹس لینے کی اجازت ہے۔ صرف بخشش والی نوکریاں ممنوع ہیں۔

| مقام | سروس ملازمین *1/1/2024 تک* | فوڈ سروس کے ملازمین *2024/1/1 تک* |
|---|---|---|
| نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی | 13.35 اجرت<br>2.65 بخشش کریڈٹ | 10.65 $ اجرت<br>بخشش کریڈٹ 5.35 $ |
| نیویارک ریاست کا باقی | 12.50 $ اجرت<br>بخشش کریڈٹ 2.50 $ | 10.00 $ اجرت<br>بخشش کریڈٹ 5.00 $ |

### اوور ٹائم

زیادہ تر کارکنوں کو کام کے ہفتے میں 40 گھنٹے کام کرنے کے بعد اوور ٹائم کی تنخواہ ملنا لازمی ہے۔ اوور ٹائم کی تنخواہ آپ کی باقاعدہ تنخواہ کا 1½ گنا ہے۔ بخشش لینے والے کارکنان کے لیے، آجر کو قابل اطلاق بخشش کریڈٹ کو گھٹا کر اوور ٹائم کی ادائیگی کم از کم اجرت کی شرح سے 1½ گنا ادا کرنا لازمی ہے۔ زرعی کارکناں فی الحال کام کے ہفتے میں 56 گھنٹے سے زیادہ اور اپنے مقررہ آرام کے دن پر کسی بھی گھنٹے کام کرنے پر اوور ٹائم حاصل کرتے ہیں۔

### غلط درجہ بندی: ملازم یا آزاد ٹھیکیدار؟

اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا کسی کارکن کی درجہ بندی ملازم یا ایک آزاد ٹھیکیدار کے طور پر کی جانا چاہیے، آجر اور ملازم کے تعلقات کی نوعیت پر غور کیا جانا لازمی ہے۔ آزاد ٹھیکیدار اپنے لیے کاروبار میں ہیں اور اپنی خدمات عام لوگوں کو پیش کرتے ہیں۔

ایک آزاد ٹھیکیدار مندرجہ ذیل سے پاک اپنا کام انجام دیتا ہے:

- نگرانی
- ہدایت
- کنٹرول

اس کے برعکس، آجر اور ملازم کا رشتہ موجود ہو سکتا ہے اگر آجر:

- منتخب کرتا ہے کہ کارکن کب، کہاں، اور کیسے خدمات انجام دیتا ہے۔
- سہولیات، سامان، اوزار، اور سامان فراہم کرتا ہے
- کام کی براہ راست نگرانی کرتا ہے
- کام کے اوقات اور تنخواہ کی شرح وغیرہ کا تعین کرتا ہے۔

یہاں مزید جانیں: **dol.ny.gov/independent-contractors**

جب کوئی آجر جان بوجھ کر کسی ملازم کی درجہ بندی ایک آزاد ٹھیکیدار کے طور پر کرتا ہے، تو یہ دھوکہ دہی ہے۔ کچھ آجر یہ حربہ بے روزگاری انشورنس، کارکنان کے معاوضے، سوشل سیکورٹی، ٹیکس ود ہولڈنگ، اور کم از کم اجرت کی تعمیل سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ NYS DOL کو آن لائن **dol.ny.gov/report-fraud** پر دھوکہ دہی کی اطلاع دیں یا 24 گھنٹے کی دھوکہ دہی کی ہاٹ لائن پر کال کریں: **866-435-1499**.

# ایک خاتون کارکن کے طور پر NYS میں اپنے حقوق کو جانیں

## پے ٹرانسپیرنسی لاء

17 ستمبر، 2023 سے مؤثر، چار (4) یا اس سے زیادہ ملازمین والے NYS آجروں کو لازمی طور پر ریاست نیویارک میں، کم از کم جزوی طور پر ہی، انجام دی جانے والی تمام ملازمتوں کے لیے اپنی ملازمت کی پوسٹنگ میں تنخواہ کی شرح یا تنخواہ کی حد شامل کرنا لازمی ہے۔ جاب پوسٹنگ میں تنخواہ کی اس شرح یا تنخواہ کی حد کی تشہیر کی جانی چاہیے، جس پر آجر کے یقین میں، اس کی نیک نیتی کے ساتھ، پوسٹنگ کے وقت درست ہو اور متوقع درخواست دہندہ کو متوقع تنخواہ کا ایک جائز آئیڈیا سمجھ میں آنا چاہیے۔

## تنخواہ کی تاریخ پر پابندی کا قانون

6 جنوری، 2020 تک، NYS کے آجر ملازمت کے درخواست دہندہ سے انکی تنخواہ اور فوائد کی تاریخ کا مطالبہ نہیں کر سکتے اور اس معلومات کا استعمال اس بات کا تعین کرنے میں نہیں کیا جا سکتا کہ درخواست گزار کا انٹرویو کرنا ہے یا ملازمت دینا ہے یا نہیں۔ تنخواہ کی توقعات پر تبادلہ خیال کیا جا سکتا ہے، اور لوگ مذاکرات کے مقاصد کے لیے اپنی تنخواہ کی تاریخ ظاہر کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## ادائیگی کے نوٹسز

جب آپ کو ملازمت پر رکھا جاتا ہے، تو آپ کے آجر کو آپ کو ادائیگی کا نوٹس دینا لازمی ہے جس میں کچھ اہم معلومات شامل ہوں، جیسے:

- آپ کو کتنی اور کتنی مرتبہ ادائیگی کی جائے گی
- باقاعدہ تنخواہ کا دن، اور
- آپ کی تنخواہ سے کوئی کٹوتی

## ادائیگی کی مساوات

کسی آجر کے لیے صرف جنس کی بنیاد پر ایک ہی کام کرنے کے لیے کسی عورت کو مرد سے کم تنخواہ دینا غیر قانونی ہے۔ تنخواہوں میں فرق بزرگی، اچھائی، یا صنف کے علاوہ کسی اور حقیقی عنصر، جیسے تعلیم یا تجربے کی بنیاد پر ہو سکتا ہے۔

## پے اسٹبس اور کٹوتیاں

کئے جانے والے کام کے تمام گھنٹوں کے عوض آپ کو ادائیگی کی جانا لازمی ہے۔ آپ کو نقد یا چیک کے ذریعے ادائیگی کی جا سکتی ہے، لیکن جب بھی آپ کو ادائیگی کی جائے گی تب آپ کو ایک تفصیلی پے اسٹب دیا جانا لازمی ہے۔

آجر آپ سے ٹوٹ پھوٹ، خرابی، نقصان، یونیفارم کے اخراجات اور مینٹیننس، آجر کے کاروبار کے اخراجات، یا نقد رقم کی قلت کا معاوضہ نہیں لے سکتا۔

## زبان تک رسائی

براہ راست عوامی خدمات فراہم کرنے والی NYS ایجنسیوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ عوام کے ارکان کو اہم فارمز اور ہدایات کے لیے مفت ترجمانی اور ترجمے کی خدمات پیش کریں۔ بشمول اشاروں کی زبان، ترجمانی کی خدمات 200 سے زیادہ زبانوں میں فراہم کی جاتی ہیں۔ NYS DOL میں، تحریری اہم دستاویزات کا ریاست کی ٹاپ 16 زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

## کام کی جگہ پر چھاتی کا دودھ پلانا

بچے کی پیدائش کے بعد تین (3) سال تک، دودھ پلانے والی ماؤں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کام پر چھاتی کا دودھ پلانے کے لیے مناسب بغیر معاوضہ وقفے کا وقت لیں یا ہر روز ادا شدہ وقفے کا وقت یا کھانے کا وقت استعمال کریں۔ تمام NYS آجروں کو ملازم کے کام کے علاقے کے قریب ایک پرائیویٹ پمپنگ کی جگہ فراہم کرنا ضروری ہے جن میں سیٹ، میز یا دیگر ہموار سطح، لائٹنگ، بجلی کی آوٹ لیٹ (اگر کام کی جگہ پر بجلی فراہم کی گئی ہو تو)، اور نزدیک میں صاف، بہتے پانی کی سہولت شامل ہیں. فراہم کردہ جگہ باتھ روم نہیں ہو سکتی۔

## کام کی جگہ پر جنسی طور پر ہراساں کرنا

NYS میں تمام آجروں کو جنسی ہراسانی سے پاک کام کی جگہ فراہم کرنا ضروری ہے۔ قانون کے مطابق، آجروں کے پاس جنسی ہراساں سے بچاؤ کی پالیسی ہونی چاہیے اور انہیں تمام ملازمین کو اسکی سالانہ تربیت کے ساتھ ایک کاپی فراہم کرنا چاہیے۔

## NYS بامعاوضہ بیماری اور محفوظ چھٹی

NYS میں نجی سیکٹر والے کارکنان بامعاوضہ بیماری اور محفوظ چھٹی کے قانون کے تحت آتے ہیں۔ کم از کم، ملازمین ہر 30 گھنٹے کام کرنے پر ایک (1) گھنٹے کی بیماری اور محفوظ چھٹی حاصل کرتے ہیں۔ آیا چھٹی بامعاوضہ ہے یا بلامعاوضہ یہ آجر کی سائز پر منحصر ہے۔

## بے روزگاری کا انشورنس

اگر آپ نے NYS میں کام کیا ہے اور آپ کی اپنی کسی غلطی کے بغیر آپ کی ملازمت سے محروم ہو گئے ہیں، تو آپ بے روزگاری انشورنس کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دعوی قائم کرنے کے لیے آپ کے پاس کافی کمائی ہونا ضروری ہے، کام کے لئے تیار رہیں، آمادہ رہیں، اور کام کرنے کے قابل بنے رہیں؛ فعال ہو کر کام کی تلاش کریں؛ اور اپنے کام کی تلاش کی کوششوں کو دستاویزی بنانا لازمی ہے۔ **/dol.ny.gov** پر آن لائن درخواست دیں یا **888-209-8124** پر کال کریں۔

## میں کیسے درخواست دوں؟

ڈویژن برائے مزدوری کے معیارات NYS مزدوری کے قانون کی خلاف ورزیوں کو حل کرنے میں مدد کرتا ہے۔ کسی آجر کے لیے مزدوری کے قانون کی ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں شکایت کرنے یا NYS مزدوری کے قانون کے تحت محفوظ کردہ کسی بھی حقوق کا استعمال کرنے پر کسی ملازم کے خلاف کسی بھی طرح سے امتیازی سلوک کرنا، جرمانہ کرنا، یا کسی بھی طرح سے اس کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا غیر قانونی ہے۔

شکایت درج کرانے کے لیے فارم **LS223** جمع کروائیں۔ مزید معلومات کے لیے مزدوری کے معیارات سے رابطہ کریں: **888-52-LABOR (888-525-2267)** یا **LSAsk@labor.ny.gov**۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم **dol.ny.gov/fostering-access-rights-and-equity-fare-grant** ملاحظہ کریں